THE INQUILAB

انقلاب

قوموں کی حیات ان کے تخیل پہ ہے موقوف (اقبالؔ)

ilab.com | epaper.inquilab.com

نئی دہلی، ہفتہ، ۱۲؍جولائی ۲۰۲۵ء، ۱۶؍محرم الحرام ۱۴۴۷ھ، جلد نمبر ۱۳، شمارہ ۱۴۴


# سرکاری اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر یوپی حکومت نظر ثانی کرے: مفتی محمد مکرم احمد



نئی دہلی (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ شہید اعظم امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ابدی پیغام کو یاد رکھتے ہوئے اسلامی شریعت اور دین اسلام کے احکام کا احترام کریں، ان پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں اور گھروں میں دینی ماحول بنائیں۔ انہوں نے اتر پردیش میں سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکولوں کے انضمام کے فیصلے کی مذمت کرتے ہوئے اتر پردیش کی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ پانچ ہزار اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔ اتر پردیش حکومت نے ۱۶؍جون کو ایک حکم جاری کیا تھا جس کے مطابق ایسے تمام سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکول جہاں طلبہ کی تعداد ۵۰؍سے کم ہے انہیں قریب کے دیگر اسکولوں کے ساتھ ضم کر دیا جائے۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ملک میں غریبی بہت زیادہ ہے نیز تعلیمی سیشن ۲۰۲۵ء چل رہا ہے جولائی میں ضم کرنے کا عمل کسی بھی طرح سے درست نہیں ہے۔ فی الحال اس فیصلے کو ملتوی کر دیا جائے اور مکمل صورتحال کا جائزہ لے کر اگلے سال نئے تعلیمی سیشن سے پہلے والدین اور سرپرستوں کے ساتھ مشورے سے اس پر عمل کیا جائے ورنہ ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہو جائیں گے۔ مفتی مکرم نے ادے پور فائلز فلم پر ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا جس میں اس نفرت انگیز فلم کی نمائش پر روک لگائی گئی ہے۔ مذہب اسلام، پیغمبر اسلام، مدارس، علماء اور مسلم فرقہ کو دہشت گردی سے جوڑنے والے مناظر اور قصے ۱۰۰؍فیصد جھوٹ پر مبنی ہیں۔ پوری فلم پر ہی پابندی لگنی چاہیے تاکہ بدامنی پھیلنے کا اندیشہ نہ رہے اور فلم بنانے والوں پر کارروائی ہو۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کے مذاکرات ناکام ہونے پر مفتی مکرم نے شدید افسوس اور گہرے رنج کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں غزہ جنگ سے لوٹنے کے بعد اسرائیلی فوجی نے خود کو آگ لگا کر جان دے دی چونکہ غزہ میں نسل کشی کے مناظر دل دہلانے والے ہیں، ہر طرف لاشیں بکھری ہوئی ہیں اور تعفن بہت زیادہ ہے۔ اسرائیل کی وحشیانہ بمباری اور نسل کشی فوراً بند ہونی چاہیے۔ عالمی برادری اور یو این او جنگ بندی کرائیں ظلم حد سے زیادہ ہو چکا ہے۔

دہلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا اردو روزنامہ
Published Simultaneously from Delhi and Patna
Daily HAMARA SAMAJ Delhi
روزنامہ ہمارا سماج دہلی
दैनिक हमारा समाज दिल्ली
8, Issue: 286 www.hamarasamajdaily.com Saturday,12July,2025

# اتر پردیش حکومت سے اپیل، اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے

## اُدے پور فائلس پر ہائی کورٹ کے حکم کا خیر مقدم، غزہ جنگ بندی مذاکرات کی ناکامی پر شدید افسوس

نئی دہلی، 11 جولائی، پریس ریلیز، ہمارا سماج: شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ شہید اعظم امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے ابدی پیغام کو یاد رکھتے ہوئے اسلامی شریعت اور دین اسلام کے احکام کا احترام کریں ان پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں اور گھروں میں دینی ماحول بنائیں۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش میں سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکولوں کے انضمام کے فیصلے کی مذمت کرتے ہوئے اتر پردیش کی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ پانچ ہزار اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔ اتر پردیش حکومت نے 16 جون کو ایک حکم جاری کیا تھا جس کے مطابق ایسے تمام



سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکول جہاں طلبہ کی تعداد 50 سے کم ہے انہیں قریب کے دیگر اسکولوں کے ساتھ ضم کر دیا جائے۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ملک میں غریبی بہت زیادہ ہے نیز تعلیمی سیشن 2025 چل رہا ہے جولائی میں ضم کرنے کا عمل کسی بھی طرح سے درست نہیں ہے۔ فی الحال اس فیصلے کو ملتوی کر دیا جائے اور تکمیل صورتحال کا جائزہ لے کر اگلے سال نئے تعلیمی سیشن سے پہلے والدین اور سرپرستوں کے ساتھ مشورے سے اس پر عمل کیا جائے ورنہ ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہو جائیں گے۔ مفتی مکرم نے ادے پور فائلز فلم پر ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا جس میں اس نفرت انگیز فلم کی نمائش پر روک لگائی گئی ہے مذہب اسلام، پیغمبر اسلام، مدارس، علماء اور مسلم فرقہ کو دہشت گردی سے جوڑنے والے مناظر اور قصے 100 فیصد جھوٹ پر مبنی ہیں پوری فلم پر ہی پابندی لگنی چاہیے تاکہ بدامنی پھیلنے کا اندیشہ نہ رہے اور فلم بنانے والوں پر کاروائی ہو۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کے مذاکرات ناکام ہونے پر مفتی مکرمؒ نے شدید افسوس اور گہرے رنج کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ حال ہی میں غزہ جنگ سے لوٹنے کے بعد اسرائیلی فوجی نے خود کو آگ لگا کر جان دے دی۔

ہفتہ، 12 جولائی 2025
مطابق، 16 محرم الحرام 1447ھ
اردو روزنامہ
قومی بھارت
QAUMI BHARAT
سچ کے ساتھ

# ڈاکٹر مفتی محمد مکرم نے کی اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی اپیل

## اُدے پور فائلس پر ہائی کورٹ کے حکم کا خیر مقدم، غزہ جنگ بندی مذاکرات کی ناکامی پر شدید افسوس

نئی دہلی (قومی بھارت) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ شہید اعظم امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے ابدی پیغام کو یاد رکھتے ہوئے اسلامی شریعت اور دین اسلام کے احکام کا احترام کریں ان پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں اور گھروں میں دینی ماحول بنائیں۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش میں سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکولوں کے انضمام کے فیصلے کی مذمت کرتے ہوئے اتر پردیش کی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ پانچ ہزار اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔ اتر پردیش حکومت نے 16 جون کو ایک حکم جاری کیا تھا جس کے مطابق ایسے تمام سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکول جہاں طلبہ کی تعداد 50 سے کم ہے انہیں قریب کے دیگر اسکولوں کے ساتھ ضم کر دیا جائے۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ملک میں غریبی بہت زیادہ ہے نیز تعلیمی سیشن 2025 چل رہا ہے جولائی میں ضم کرنے کا عمل کسی بھی طرح سے درست نہیں ہے۔ فی الحال اس فیصلے کو ملتوی کر دیا جائے اور مکمل صورتحال کا جائزہ لے کر اگلے سال نئے تعلیمی سیشن سے پہلے والدین اور سرپرستوں کے ساتھ مشورے سے اس پر عمل کیا جائے ورنہ ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہو جائیں گے۔ مفتی مکرم نے ادے پور فائلز فلم پر ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا جس میں اس نفرت انگیز فلم کی نمائش پر روک لگائی گئی ہے مذہب اسلام، پیغمبر اسلام، مدارس، علماء اور مسلم فرقہ کو دہشت گردی سے جوڑنے والے مناظر اور قصے 100 فیصد جھوٹ پر مبنی ہیں پوری فلم پر ہی پابندی لگنی چاہیے تاکہ بدامنی پھیلنے کا اندیشہ نہ رہے اور فلم بنانے والوں پر کاروائی ہو۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کے مذاکرات ناکام ہونے پر مفتی مکرم نے شدید افسوس اور گہرے رنج کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ حال ہی میں غزہ جنگ سے لوٹنے کے بعد اسرائیلی فوجی نے خود کو آگ لگا کر جان دے دی چونکہ غزہ میں نسل کشی کے مناظر دل دہلانے والے ہیں ہر طرف لاشیں بکھری ہوئی ہیں اور تعفن بہت زیادہ ہے اسرائیلی وحشیانہ بمباری اور نسل کشی فورا بند ہونی چاہیے عالمی برادری اور یو این او جنگ بندی کرائے ظلم حد سے زیادہ ہو چکا ہے۔

### جھوٹ پر مبنی

● ادے پور فائلز فلم میں مذہب اسلام، پیغمبر اسلام، مدارس، علماء اور مسلم فرقہ کو دہشت گردی سے جوڑنے والے مناظر اور قصے 100 فیصد جھوٹ پر مبنی ہیں پوری فلم پر ہی پابندی لگنی چاہیے تاکہ بدامنی پھیلنے کا اندیشہ نہ رہے اور فلم بنانے والوں پر کاروائی ہو۔



دہلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا روزنامہ
Hindustan Express
ہندوستان ایکسپریس
نئی دہلی، ہفتہ، 12 جولائی، 2025، بمطابق، 16 محرم الحرام، 1447ھ صفحات 8، قیمت: 2 روپے

# اتر پردیش حکومت سے اپیل، اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے: مفتی مکرم



نئی دہلی (فرحان یحییٰ) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ شہید اعظم امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ابدی پیغام کو یاد رکھتے ہوئے اسلامی شریعت اور دین اسلام کے احکام کا احترام کریں ان پر عمل کرنے کو یقینی بنائیں اور گھروں میں دینی ماحول بنائیں۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش میں سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکولوں کے انضمام کے فیصلے کی مذمت کرتے ہوئے اتر پردیش کی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ پانچ ہزار اسکولوں کے انضمام کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔ اتر پردیش حکومت نے 16 جون کو ایک حکم جاری کیا تھا جس کے مطابق ایسے تمام سرکاری پرائمری اور اپر پرائمری اسکول جہاں طلبہ کی تعداد 50 سے کم ہے انہیں قریب کے دیگر اسکولوں کے ساتھ ضم کر دیا جائے۔ مفتی مکرم نے کہا کہ ملک میں غریبی بہت زیادہ ہے نیز تعلیمی سیشن 2025 چل رہا ہے جولائی میں ضم کرنے کا عمل کسی بھی طرح سے درست نہیں ہے۔ فی الحال اس فیصلے کو ملتوی کر دیا جائے اور مکمل صورتحال کا جائزہ لے کر اگلے سال نئے تعلیمی سیشن سے پہلے والدین اور سرپرستوں کے ساتھ مشورے سے اس پر عمل کیا جائے ورنہ ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہو جائیں گے۔ مفتی مکرم نے ادے پور فائلز فلم پر ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا جس میں اس نفرت انگیز فلم کی نمائش پر روک لگائی گئی ہے مذہب اسلام، پیغمبر اسلام، مدارس، علماء اور مسلم فرقہ کو دہشت گردی سے جوڑنے والے مناظر اور قصے 100 فیصد جھوٹ پر مبنی ہیں پوری فلم پر ہی پابندی لگنی چاہیے تاکہ بدامنی پھیلنے کا اندیشہ نہ رہے اور فلم بنانے والوں پر کارروائی ہو۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کے مذاکرات ناکام ہونے پر مفتی مکرم نے شدید افسوس اور گہرے رنج کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ حال ہی میں غزہ جنگ سے لوٹنے کے بعد اسرائیلی فوجی نے خود کو آگ لگا کر جان دے دی چونکہ غزہ میں نسل کشی کے مناظر دل دہلانے والے ہیں ہر طرف لاشیں بکھری ہوئی ہیں اور تعفن بہت زیادہ ہے اسرائیلی وحشیانہ بمباری اور نسل کشی فوراً بند ہونی چاہیے عالمی برادری اور یو این او جنگ بندی کرائے ظلم حد سے زیادہ ہو چکا ہے۔